لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ٣٩	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ٢ رمضان المبارک ١٣٤٥ھ مطابق ٧ مارچ ١٩٢٧ء	نمبر ١

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

٢٢ فروری ١٩٢٧ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ صدور حکم منظوری دس روپیہ ماہوار اضافہ صاحبزادہ سید اشفاق علیخان خلف صاحبزادہ سید محمد مصطفےٰ علیخان بہادر حاکم صدر مہتمم باغات مشاہرہ دار پچاس روپیہ ماہوار بوجہ مستعدی و حاضر باشی حسب

حکم

بموجب رپورٹ صاحبزادہ سید اشفاق علیخان بہادر منصرم باغات کی موجودہ تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور رہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۷ فروری ۱۹۲۴ء

اہلکاران وچپراسیان دار الانشاء کا نقشہ تنخواہ ملاحظہ ہوا۔ لہذا

۱۔ منشی تول بہار یلال اہلمد شاہرہ دار اٹھارہ روپیہ ماہوار کا چار روپیہ اور منشی لاڈلے بہار یلال اہلمد شاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کا پانچ روپیہ اضافہ منظور رہی۔

۲۔ نبی گل خان دفتری۔ اندر وروشن ولد رام پرشاد چپراسیان کا ایک ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہو۔

احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۴ فروری ۱۹۲۴ء

مثبتہ تحریر صاحب مہتمم بندوبست دربارہ اضافہ تنخواہ مبلغ دو روپیہ سید معصوم شاہ رجسٹرار قانونگوے تحصیل بلاسپور بوجہ حسن انجام دہی کام۔

حکم

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست سید معصوم شاہ رجسٹرار قانونگوے متعینہ تحصیل بلاسپور کی تنخواہ موجودہ تیس روپیہ ماہوار مین دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ فروری ۱۹۲۴ء

مثبتہ تحریر صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری اضافہ مبلغ دو روپیہ ماہوار منشی درگا پرشاد گرداور قانونگوے تحصیل بلاسپور بلحاظ حسن انجام دہی کام

حکم

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست درگا پرشاد گرداور قانونگوے تحصیل بلاسپور شاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ موجودہ مین دو روپیہ اضافہ کیا جانا منظور رہی۔ احکام جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۸ فروری ۱۹۲۴ء

مثبتہ یاد داشت بخشی صاحب فوج دربارہ اضافہ تنخواہ اہلمدان بخشیگری بوجہ قلت تنخواہ از یکم مارچ ۱۹۲۴ء مندرجہ ذیل بوجہ حسن انجام خدمت

محمد رضا خان اہلمد تنخواہ موجودہ ۔۔ اضافہ ۔۔

اخلاق حسن خان اہلمد تنخواہ موجودہ ۔۔ " ۔۔

پیاریلال اہلمد تنخواہ موجودہ ۔۔ " ۔۔

حکم

حسب سفارش بخشی صاحب فوج محمد رضا خان اہلمد بخشیگری کی تنخواہ موجودہ مین ایک روپیہ آٹھ آنہ۔ اور اخلاق حسن خان کی موجودہ تنخواہ مین تین روپیہ۔ اور پیاریلال کی تنخواہ موجودہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ یکم مارچ ۱۹۲۴ء سے منظور کیا جاتا ہے۔ بغرض اجراے احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائنیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے یکم لغایت ۶ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵۰ ار			۶ ار	۶ ار	۶ ار	
نخود خالص	۶۰ ار	.		۶۰ ار	۷۰ ار	۶ ار	
نخود گستہ آمیز	۷ ار			۷۰ ار	۰	۶۰ ار	
گستہ	۷ ار			۸ ار	۰	۷ ار	
سس	۵۰ ار			۵ ار	۵ ار	۵۰ ار	
ونگ	۴ ار			۴۰ ار	۰	۵۰ ار	
مکا	۸ ار			۰	۸۰ ار	۷ ار	
جئی	۹ ار			۰	۰	۱۰ ار	
کوجی	۸ ار			۰	۰	۸ ار	
عدس	۶ ار			۶ ار	۰	۶ ار	
ارہر	۹ ار			۰	۰	۶ ار	
برنج	۵ ار			۵ ار	۰	۵ ار	
روغن زرد	۷ ار			۰	۰	۶ ار	
روغن سیاہ	۱۰ ار			۴ ار	۰	۱۰ ار	
روغن کنجد	ار ار			ار ار	ا ار	ا ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار			۱۱ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار			۰	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۷ ار			۰	۷ ار	۶ ار	
باجرہ	۷ ار			۰	۰	۶ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور